الباز الاشہب (سرکار غوث اعظم)

الباز الاشہب سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا لقب مبارک ہے۔ حضرت شیخ عقیل المنجبی پہلے شخص ہیں جنھوں نے آپ کو اس لقب سے یاد فرمایا پانچویں صدی کے اواخر میں دنیائے اسلام میں شدید انتشار اور کشمکش تھی اور ہر طرف پریشانی اور مایوسی کا عالم تھا چنانچہ اسی مایوسی کے عالم میں ایران کے شمال میں واقع صوبہ گیلان میں ایک حسنی گھرانے کے گھر میں ایک مرد کامل کی ولادت باسعادت ہوئی جس کی وجہ سے مردہ دلوں کو ایک نئی نورانی زندگی حاصل ہو گئی بعد میں یہی شخصیات آگے چل کر محی الدین اور غوث اعظم سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی کے نام سے مشہور ہوئی۔(1)

خاندانی پس منظر

آپ کے والد کا اسم مبارک سید ابو صالح موسی جنگی دوست اور والدہ ماجدہ کا اسم گرامی سیدہ فاطمہ ام الخیر ہے۔ یہ دونوں ہستیاں زھد و تقوی ، پرہیزگاری، اطاعت خدا اور اطاعتِ رسول میں اپنی مثال آپ تھیں۔ (2)

تکمیل منازل سلوک و طریقت

گیلان سے ھجرت کے بعد بغداد میں آپ کی سکونت کا عرصہ صرف درسی علوم تک محدود نہ تھا بلکہ آپ نے علوم شریعت کے حصول کے ساتھ علم طریقت اور عرفان حقیقت کی بھی منازل طے کیں- ان منازل کی ابتدا عظیم عارف باللہ حضرت حماد بن دباس سے کی اور تکمیل حضرت ابی سعید المخرمی کے دست مبارک پر ہوئی۔اس کے علاوہ بھی اپنے وقت کے عظیم شیوخ و عرفاء وصالحین کی صحبت اختیار کی اور روحانی فیوض وبرکات حاصل کیے۔

مجالس وعظ و خطاب

سرکار غوث اعظم ھفتہ میں تین بار خطاب فرمایا کرتے تھے۔ آپ کی مجالس میں عوام الناس کے علاوہ عراق کے مشائخ ، مفتی، علما، جنات، رجال الغیب.... شریک ہوتے۔ آپ کے وعظ و خطاب کی مدت چالیس سال ہے جبکہ مدرسہ میں آپ کے درس وفتوی نویسی کی خدمت 33 برس ہے۔

سرکار غوث اعظم کے نزدیک بہترین عمل

حضرت علامہ ابن نجار اپنی تاریخ میں فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ فرمایا کرتے تھے کہ جب میں نے تمام اعمال کی چھان بین اور جستجو کی تو مجھے معلوم ھوا کہ سب سے بہتر عمل کھانا کھلانا اور حسن اخلاق سے پیش آنا ہے اگر میرےھاتھ میں پوری دنیا کی بھی دولت دے دی جائے تو میں اس کو بھوکوں کو کھانا کھلانے میں خرچ کر دوں ۔ (3)

وصال حضرت غوث

حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کے تاریخ وصال کے بارے میں اکثر مورخین کتب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ آپ نے 11 ربیع الثانی 561 ھ کو وصال فرمایا۔

> کہا اس شاہ باز، اوج حق کا
> سن ترحیل " بزم فقر اسلام "

بیرونی روابط

الباز الاشہب آرکائیو پر

الباز الاشہب اسکربڈ پر

الباز الاشہب گیوٹن برگ پر

حوالہ جات

(1) الباز الاشہب، افتخار احمد حافظ قادری، ص 26

(2) الباز الاشہب، افتخار احمد حافظ قادری ص 28

(3) الباز الاشہب، افتخار احمد حافظ قادری، ص 75